# اداریہ

"تحقیق" کے پندرھویں شمارے کو توقعات سے زیادہ پذیرائی حاصل ہوئی۔ ہم فضلائے کرام کے بے حد ممنون ہیں کہ انھوں نے تحسینی کلمات سے نوازنے کے ساتھ ساتھ خامیوں کی نشان دہی کی اور مفید مشورے بھی دیے۔ جنھیں ان شاء اللہ "تحقیق" کی اگلی اشاعتوں میں پیشِ نظر رکھا جائے گا۔

علمی حلقوں سے یہ مشورہ بھی دیا گیا کہ "تحقیق" کے سال میں کم از کم دو شمارے شایع کیے جائیں، تو ان شاء اللہ ۲۰۰۹ء سے دو شماروں کی اشاعت کا اہتمام کیا جائے گا۔ البتہ موضوعات اور مواد کے اعتبار سے جو معیار ڈاکٹر نجم الاسلام نے قائم رکھا تھا وہی ہمارے پیشِ نظر رہے گا۔ اس لیے معیاری اور غیر مطبوعہ مقالات کی درخواست کی جاتی ہے۔

(مدیر)